اندھیارے اجالے
مؤلف: آباد شاہ پوری ایڈیٹر اُردو ڈائجسٹ
ناشر: مکتبہ چراغ اسلام۔ اُردو بازار۔ لاہور
قیمت: ۲۲/۵۰ روپے۔ صفحات: ۲۸۸

جاننے والے جانتے ہیں کہ آباد شاہ پوری (بعض لوگ "آباد شاہ" کو نام اور "پوری" کو اضافہ نسبتی سمجھتے ہیں گا۔ جن کی ظاہری شخصیت بڑی آئس کریمی سی معلوم ہوتی ہے۔ دل بیدار، لالے کی آگ کو تیز کرنے والا نفسِ گرم، اندھیروں میں راہ دکھانے والا دماغ روشن اور راہوار وقت کے ساتھ چلنے والا قلم رکھتے ہیں جو آدھی رات کے بعد بھی بہ مشکل اپنی نثر "مثنوی لسنواز" نے کو روکتا ہے۔

مختصر سے جسم کے ساتھ اس شخص کو جو قد آور رُوح اللہ تعالیٰ نے دی ہے اس کا ایک پرتو "اندھیارے اُجالے" میں ملتا ہے۔ یہ کتاب ایسے مضامین کا مجموعہ ہے جو ملّت کی دینی و دنیوی فلاح کے لیے ایک سنجیدہ و متین شخصیت نے بڑی خیرخواہی کے ساتھ دل میں اترنے والے اسلوب سے لکھے ہیں۔ یہ ایسے مضامین ہیں جن کے لیے چھوٹے چھوٹے واقعات یا خبری اطلاعات یا گذرے ہوئے تاریخی لمحات کی یادیں محرک بنی ہیں۔ جیسے حسن نظامی مچھر یا جھینگر سے بات شروع کرتے اور قارئین کو تصوف اور سیاست کے دائروں میں جا پہنچاتے۔ اسی طرح آباد شاہ نے چھوٹے منہ سے بڑی بات کہنے کے بجائے، بڑے منہ سے کوئی چھوٹی بات بطور تمہید چھیڑی اور پھر دیکھتے دیکھتے وہی چھوٹی بات بڑی بات بن کر دُور دُور تک چھا گئی ہے، کتنی ہی وقت کی غلط فہمیوں کے دامن انھوں نے تار تار کر دیے ہیں اور کتنے ہی لاینحل مسائل کو چٹکی بجاتے میں حل کر دیا ہے۔ کیونکہ ان کے ہاتھ میں قرآن کی مشعل ہے۔ اور اس کی آیات کی کرنیں حقیقتوں کے چہروں کو نمایاں کرتی جاتی ہیں۔

کاغذ اور آرٹ کارڈ کے رنگین ٹائیٹل کے علاوہ کتابت و طباعت ایسی خوبصورت ہے جیسی اُن کی باتیں۔

اس کتاب کو دس بارہ سال کے بچے، خواتین اور عام تعلیم یافتہ لوگ اپنے لیے یکساں مفید پائیں گے۔

تذکرۂ پیران پاگاڑہ
مؤلف: تبسم چودھری
پبلشر: سید سردار علی شاہ۔ کنگری پرنٹرز بیل خانہ روڈ ٹنڈو ولی محمد، حیدر آباد
قیمت: ۱۵/- روپے۔ صفحات: ۲۷۰

ہماری ملی تاریخ کے لٹریچر میں یہ کتاب ایک قیمتی اضافہ ہے۔ اس کی قدر و قیمت اس بنا پر بڑھ جاتی ہے کہ سندھ میں مخالف جانب کا جو ذہن تاریخ کو مسخ کر رہا ہے، اس کو چیلنج کرنے کی یہ کوشش بڑی اہم ہے۔ کتاب کی